عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ ۱۲/اکتوبر جمہوریت کے لیے سیاہ ترین دن تھا۔(شہباز شریف)
- ● تب حکمرانوں کی سیاہ کاریوں کی وجہ سے ایوانِ اقتدار میں زلزلہ آیا تھا۔
- ❑ عوام نے روشن خیال، ترقی پسند قیادت کا انتخاب کیا۔(شوکت عزیز)
- ● اور قیامت خیز زلزلہ آ گیا۔
- ❑ مشکل گھڑی میں پاکستانی عوام کے شانہ بشانہ ہیں۔(یہودی تنظیم)
- ● ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست مت بناؤ۔(القرآن)
- ❑ زلزلے سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد ۸۰ ہزار سے بڑھ گئی۔ ۳۰ لاکھ بے گھر۔(ایک خبر)
- ● بہن سے بھائی بچھڑا ہے اور کوئی پرسانِ حال نہیں
  ملبوں سے لاشے نکلے ہیں یہ قیامت ہے بھونچال نہیں
- ❑ اللہ تعالیٰ کی ناراضی کی وجہ سے زلزلہ آیا۔(چودھری شجاعت حسین)
- ● یہ بات اپنے روشن خیال حکمرانوں کو بتائیں جو بسنت اور مراتھن پر ناچ گانے کا اہتمام کرتے ہیں۔
- ❑ ملبے میں دبی آزاد کشمیر یونیورسٹی کی طالبات کا دو روز تک موبائل پر رابطہ رہنے کے بعد منقطع ہو گیا۔(ایک خبر)
- ● آخر سانس کی ڈوری ٹوٹ گئی۔
- ❑ حکومت کی روشن خیال پالیسی سے معاشرے میں گھٹن کم ہوئی۔(گورنر پنجاب خالد مقبول)
- ● اور قبر کی گھٹن میں اضافہ ہو گیا!
- ❑ پاک اسرائیل تعلقات کو مذہبی نہیں، سیاسی طور پر دیکھنا چاہیے۔(یزدانی گیلانی)
- ● مگر علامہ اقبال کہتے ہیں:

  ’’جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی‘‘
- ❑ حکومت مدارس کے حوالے سے امریکی دباؤ کی مزاحمت کر رہی ہے۔(اعجاز الحق)
- ● آپ کے باس تو کہتے ہیں۔ ہم پر کسی کا کوئی دباؤ نہیں۔
- ❑ قابل تحسین کون؟ امدادی سامان لوٹنے والے...... یا امدادی کارروائیوں میں شریک گدھے اور خچر!(ایک سوال)
- ● بلا تبصرہ!